سوال

(473) جنبی جو غسل نہیں کرتا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں مشت زنی کرتا ہوں اور غسل کئے بغیر نماز پڑھتا اور روزے بھی رکھتا رہا ہوں کیونکہ مجھے علم نہ تھا کہ اس فعل کی وجہ سے مجھ پر غسل واجب ہے مجھے اب معلوم بھی نہیں کہ اس طرح بغیر غسل کے میں نے کتنی نمازیں پڑھی ہیں ؟ اب میرے لئے کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تم نے بہت بڑی غلطی کا ارتکاب کیا ہے کیونکہ مشت زنی حرام ہے اگرچہ بعض اہل علم نے اس شخص کے لئے اس کی اجازت دی ہے جسے زنا میں بتلا ہو جانے کا خدشہ ہو اور پھر دوسری بڑی غلطی یہ کی کہ اس کے بارے میں کسی سے پوچھا بھی نہیں کہ حکم کیا ہے ؟ ہاں البتہ جہالت طول زمان اور بہت سی نمازوں کی قضاء میں مشت کی وجہ سے تمہارا یہ گناہ قابل معافی ہے لہذا اب تمہیں کثرت کے ساتھ نفل نمازیں اور عبادتیں ادا کرنی چاہئیں تاکہ ماضی مین جو کچھ ہوا اللہ تعالیٰ اسے معاف فرما دے واللہ اعلم ۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1]

صفحہ نمبر 404

محدث فتویٰ